## حق پرست عوام رضوان کی صحتیابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔29اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ایم کیوایم رنچھوڑ لائن سیکٹر کے کارکن رضوان ولد فیاض کی شدید علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں ، بہنوں، بزرگوں اور کارکنان سے اپیل کی کہ وہ رضوان کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ 20اپریل 2008ءکو مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے رضوان کو شدید زخمی کردیا رضوان کو مقامی اسپتال میں طبی امداد فراہم کی جارہی ہے جہاں ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

## ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی دوسری گرانڈ اسمبلی کینیڈا کے شہر ٹورانٹو میں 6 تا 8 جون 2008ءکو منعقد کی جائے گی

ٹورانٹو۔۔29اپریل 2008ء۔۔۔ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی دوسری گرانڈ اسمبلی کینیڈا کے شہر ٹورانٹو میں 6 تا8 جون 2008ءمنعقد کی جائے گی اس سلسلے میں ایم کیوایم کینیڈا و امریکہ کے تمام یونٹوں میں تیاریاں زوروشور سے جاری ہیں۔گرانڈ اسمبلی کی تیاریوں کے سلسلے میں ایم کیوایم کینیڈا کے مونٹریال یونٹ کا ماہانہ جنرل ورکرز اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیوایم کینیڈا کے قائم مقام سینٹرل آرگنائزر شکیل اختر سمیت دیگر ذمہ داران وکارکنان اور کینیڈا میں مقیم پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر شکیل اختر اور مونٹریال یونٹ کے انچارج کاشف عمر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ،قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کی جدوجہد کرتی رہے گی۔ انہوں نے گرانڈ اسمبلی کے اغراض ومقاصد اوراسکی اہمیت وافادیت پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی دوسری گرانڈ اسمبلی تحریک کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی اورانشاءاللہ جلد پاکستان سے فرسودہ جاگیردارنہ نظام کا خاتمہ ہوگا اور انصاف ومساوات پر مبنی حقیقی جمہوری معاشرہ کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد ضرور کامیاب ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اپنے نظم وضبط کے اعتبار سے منفرد سیاسی قوت ہے جس کے کارکنان اپنے مثالی اتحاد انتھک محنت سے انوکھی روایات قائم کرنے کی تاریخ رکھتے ہیں۔ اجلاس کے آخر میں حق پرست ارکان پارلیمینٹرین مصطفیٰ کمال رضوی شہید اور ڈاکٹر نشاط ملک شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی

## قومی دولت پر ڈاکے ڈالنے والے بااثر افراد سے ملک کی ایک ایک پائی وصول کی جائے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ غریب عوام سے زورزبردستی اور غنڈہ گردی کے ذریعہ قرضہ وصول کرنے کے بجائے سرکاری بنکوں سے اربوں ،کھربوں روپے قرض لیکر معاف کرانیوالوں بااثر افراد کے خلاف کارروائی کی جائے اور قومی دولت کی ایک ایک پائی وصول کی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے نارتھ کراچی کے رہائشی طفیل شاہ کی نجی بنک سے لیا گیا قرضہ بروقت ادا نہ کرنے اور بینک کی ریکوری ٹیم کی غنڈہ گردی اور ہتک آمیز رویہ پر خودکشی کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ صرف ایک نوجوان کی خودکشی کا نہیں ہے بلکہ انصاف کے دوہرے نظام کا ہے جس کے تحت ایک جانب غریب عوام قرض ادا نہ کرسکنے اور ہتک آمیز رویئے کے باعث خودکشی کرلیتا ہے اور دوسری جانب ملک کے خزانے پر ڈاکے ڈالنے والے بااثر افراد عیش وعشرت کی زندگی گزار رہے ہیں اوران کے خلاف کوئی قانون حرکت میں نہیں آرہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال میں اب غریب عوام یہ سوچنے میں حق بجانب ہیں کہ ملک کی دولت پر ڈاکے ڈالنے والے بڑے اور بااثر افراد کے خلاف کب کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے؟۔انہوں نے طفیل شاہ کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اوروزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ طفیل شاہ نامی نوجوان کی خودکشی کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس واقعہ کے ذمہ دار متعلقہ بنک کی ریکوری ٹیم کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی لانڈھی کے کارکنان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی لانڈھی کے کارکنان دانیال اکبر اور شہزاد اکبر کی والدہ محترمہ چراغ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی نے بھی دانیال اکبر اور شہزاد اکبر سے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر دلی افسوس وتعزیت کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆